07-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی شہر کے دونوں ذخائر آب حمایت ساگر، عثمان ساگر کو ملنا ساگر سے 20 ٹی ایم سی پانی کی سربراہی کے پروجیکٹ کا کل سنگ بنیاد رکھیں گے۔

۲۔اس مہینہ کی 15 تاریخ سے یو پی آئی کے ذریعہ بعض خصوصی ادائیگیوں کی حد میں یومیہ 10 لاکھ روپے تک اضافہ کرنے این پی سی آئی کا فیصلہ۔

۳۔ ریاست میں گروکل اداروں سے متعلق ریاستی حکومت لاپرواہی برت رہی ہے۔سابق وزیر و بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ کا الزام۔

اور

۴۔ ریاست میں کل سے اس مہینہ کی 14 تاریخ تک مختلف اضلاع میں موسلا دھار بارش کی محکمہ موسمیات کی پیش قیاسی۔اس سلسلہ میں بعض اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری۔

Harish Rao

سابق ریاستی وزیر ہریش راؤ نے کہا کہ ریاست کے گروکل اسکولس اور کالجس کی صورتحال ابتر ہو چکی ہے۔ یہاں زیر تعلیم طلبہ کی صورتحال تشویش ناک ہے۔انہوں نے کہا کہ طلبہ بخار، سانپ کے ڈسنے اور سمیت غذا جیسے واقعات سے مشکلات کا سامنا کررہے ہیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے یہ بھی کہا کہ کنٹراکٹ اور آؤٹ سورسنگ کے ملازمین کچھ ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہے۔ ہریش راؤ نے بتایا کہ جب ان کی حکومت تھی گروکل تعلیمی ادارے ملک کیلئے مثالی ثابت ہورہے تھے اور آج صورتحال یکسر بدل چکی ہے۔

Indiramma

گورنمنٹ وہپ ویملواڑہ کے رکن اسمبلی آدی سرینواس نے کہا ہے کہ میڈ مانیر پروجیکٹ کے متاثرین کو ہر طرح سے فائدہ پہنچانا ہی حکومت کا مقصد ہے۔انہوں نے آج ویملواڑہ اربن منڈل کے اگراہارم میں 1550 پروجیکٹ متاثرین میں خصوصی پیکیج کے تحت اندراماں مکانات کے پٹہ جات ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا کے ساتھ تقسیم کئے۔انہوں نے بتایا کہ 240 کروڑ کی لاگت سے متاثرہ مواضعات کے عوام کیلئے 4696 مکانات ریاستی حکومت نے منظور کئے ہیں۔ اندراماں مکانات کی تعمیر کیلئے چار مرحلوں میں جملہ 5 لاکھ روپے کی مالی امداد راست استفادہ کنندگان کے بینک کھاتوں میں جمع کی جائے گی۔

Sound Byte.

CM Revanth - CV Anand

ریاست بھر میں ونائک نوراتری اور نمرجن کے پرامن اختتام پر چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مسرت کا اظہار کیا۔انہوں نے کسی بھی طرح کے ناخوشگوار واقعہ کے بغیر تقاریب کے کامیاب انعقاد پر محکمہ پولیس، بلدیہ، ریونیو، برقی، ٹرانسپورٹ، پنچایت راج، صحت وطب کے عملہ کو مبارکباد پیش کی۔

جی ایچ ایم سی کے حکام کے مطابق ونائک نوراتری کے موقع پر تیسرے دن سے 11 ویں دن تک جملہ ایک لاکھ 40 ہزار مورتیوں کا نمرجن کیا گیا۔اِن میں سے ایک لاکھ 20 ہزار مورتیوں کا نمرجن بے بی پاؤنڈس اور دیگر چھوٹے تالابوں میں عمل میں آیا۔کمشنر پولیس سی وی آنند نے بتایا کہ اس مرتبہ نمرجن کے موقع پر عصری ٹکنالوجی کا استعمال کیا گیا۔اسی طرح نمرجن کے انتظامات کیلئے مختلف اضلاع سے ملازمین پولیس کو طلب کیا گیا۔9 ڈرونس کے ذریعہ نظر رکھی گئی اور 35 ہائی رائز عمارتوں سے کیمروں کے ذریعہ نظر رکھی گئی تھی۔

Kamareddy Congress

اس مہینہ کی 15 تاریخ کو بی سی ڈکلریشن سے متعلق اظہارِ تشکر اجلاس کے تناظر میں ریاستی وزرائے پی سرینواس ریڈی، سیتا اَکا، پونم پربھاکر، کونڈا سریکھا اور واکاٹی سری ہری نے کاماریڈی کا دورہ کیا۔ پردیش کانگریس کمیٹی کے سربراہ مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ مرکزی حکومت پر بی سی ریزرویشن کے معاملہ میں پالیسی پر مبنی فیصلہ کرنے کیلئے ایک لاکھ افراد کے ساتھ یہ اجلاس منعقد کیا جارہا ہے۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کا خاندان بدعنوانیوں میں ملوث ہے۔ اسی لئے عوام نے انہیں نظر انداز کردیا۔ اگلے انتخابات تک بی آر ایس مکمل طور پر نظر نہیں آئے گی۔

Sampurna Chandra grahan

آج رات مکمل چاند گہن کے پیش نظر ریاست کے بھدراچلم یادگیری گٹہ، ویملواڑہ، عالمپور، کونڈاگٹو، باسر، ورنگل بھدراکالی، کالیشورم، دھرماپوری مندروں کے ساتھ ساتھ تمام منادر آج دوپہر سے بند رکھی گئی ہے۔ کل صبح سمپر وکشنا، گرہن شانتی کے عمل کے بعد مندروں کو دوبارہ کھولا جائے گا اور بھکتوں کو درشن کی اجازت دی جائے گی۔

Weather

محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست میں کل سے اِس مہینہ کی 14 تاریخ تک مختلف علاقوں میں بارش ہوگی۔ متحدہ اضلاع عادل آباد، نظام آباد، کریم نگر، جگتیال، سرسلہ، پداپلی، ملگ، سوریہ پیٹ، کھمم، بھوپال پلی، بھونگیر، ورنگل، سوریہ پیٹ میں موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔ اِس سلسلہ میں ان اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔ امکان ظاہر کیا گیا ہے کہ بارش کے دوران فی گھنٹہ 30 تا 40 کلومیٹر کی رفتار سے ہوائیں چلیں گی۔ عوام سے چوکس رہنے کی خواہش کی گئی ہے۔

UPI

این پی سی آئی نے کہا ہے کہ اس مہینہ کی 15 تاریخ سے یو پی آئی کے ذریعہ بعد خصوصی ادائیگیوں کی حد کو یومیہ 10 لاکھ روپے تک بڑھایا جائے گا۔ اس وقت روزانہ ایک لاکھ روپے ہی یو پی آئی کے ذریعہ روانہ کرنے کی سہولت فراہم ہے۔ انشورنس، ٹیکس، اسٹاک مارکٹ میں سرمایہ کاری کیلئے یہ حد باعث مشکلات ہونے کی وجہ سے ایک ساتھ 5 لاکھ روپے جملہ روزانہ 10 لاکھ روپے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اسی طرح شخصی طور پر روانہ کی جانے والی لین دین کی حد ایک لاکھ روپے ہی مقرر ہے۔

Raj Gopal Reddy

منوگوڑو کے کانگریس رکن اسمبلی کومٹ ریڈی راج گوپال ریڈی نے کہا ہے کہ انہیں ان کے عہدہ سے زیادہ کسانوں کے مفادات عزیز ہیں اور وہ کسانوں کی فلاح و بہبود کیلئے حکومت سے جدوجہد کیلئے بھی تیار ہیں۔ رکن اسمبلی نے کہا کہ وہ حکمراں جماعت کے ایم ایل اے ضرور ہیں لیکن ان کے حلقہ سے متعلق فنڈس کے معاملہ میں ناانصافی ہوتی ہے تو قطعی برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریجنل رنگ روڈ اراضی متاثرین کے مفادات کیلئے وہ حکومت پر دباؤ ڈالیں گے۔

Revanth Reddy Musi River

چیف منسٹر ریونت ریڈی موسیٰ ندی کی بحالی کی اسکیم کے حصہ کے طور پر گوداوری سے پینے کے پانی کی سربراہی سے متعلق اسکیم فیز ٹو فیز تری کا کل سنگ بنیاد رکھیں گے۔ 7 ہزار 360 کروڑ کی لاگت کے اس پروجیکٹ کے ذریعہ ملنا ساگر سے پانی عثمان ساگر اور حمایت ساگر ذخائر آب کو منتقل کیا جائے گا۔ جی ایچ ایم سی، او آر آر کے تحت بلدیات، کارپوریشنز اور گرام پنچایتوں کو پینے کا پانی فراہم کرنے کے لئے چیف منسٹر ایک اور پروجیکٹ کا آغاز کریں گے۔

Nagarjuna Sagar

ناگرجناساگر کے 10 کرسٹ گیٹس اٹھا کر حکام کی جانب سے نشیبی علاقوں کی طرف پانی چھوڑا جارہا ہے۔اس وقت ذخیرہ آب میں پانی کاانفلوایک لاکھ 33ہزار824 کیوزک ہے۔اتنی مقدار میں ہی پانی یہاں سے چھوڑا جارہا ہے۔ پروجیکٹ کی مکمل آبی گنجائش 590 فٹ ہے اوراس وقت آبی سطح 589 اعشاریہ 7فٹ تک پہنچ چکی ہے۔

Thummala Nageswara Rao

ریاستی وزیرزراعت تو ملاناگیشورراؤ نے کہا ہے کہ آئیل پام کی کاشت میں تلنگانہ ملک بھر کامرکز ثابت ہوا ہے۔انہوں نے بتایا کہ کسانوں کی اکثریت آئیل پام کی کاشت پر توجہ مرکوز کررہی ہے۔ریاستی وزیر نے بتایا کہ سدی پیٹ میں بہت جلد پام آئیل فیکٹری کاچیف منسٹر ریونت ریڈی کے ہاتھوں آغاز ہوگا۔

○○